بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

محدث دہلی

جلد ۵ | ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۸ء مطابق ماہ صفر سنہ ۱۳۵۷ھ | نمبر ۱۲

مناسبات

اختتام سال۔ خدا کا ہزار ہزار شکر و احسان ہے کہ "محدث" کا پانچواں سال بھی خیر و خوبی کے ساتھ ختم ہو گیا پانچویں جلد کا یہ آخری نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اور آئندہ ماہ مئی سے اس کا چھٹا سال شروع ہو گا۔ نئے سال میں قدم رکھتے ہوئے "محدث" انشاء اللہ ایک نئی شان کے ساتھ آپ کے پاس پہنچیگا یعنی خلاف معمول ہم نے اب کی مرتبہ "محدث" کو ایک نرالے انداز میں شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ جس کے لئے ہم ابھی سے تیاریاں کر رہے ہیں اور کوشش میں ہیں کہ مختلف علمی، دینی، اقتصادی، معاشرتی مضامین اہل علم و اہل قلم حضرات سے فراہم کر کے بہتر سے بہتر صورت میں اپنے قارئین تک پہنچا سکیں، وما توفیقی الا باللہ۔

یہ خدائے ذوالمنن کے فضل و انعام، اور عالی ہمت جناب شیخ عطاء الرحمان صاحب مہتمم مدرسہ رحمانیہ دہلی کی بلند حوصلگی۔ جذبۂ ملی۔ ولولۂ دینی کی کارفرمائیاں اور کرشمہ سازیاں ہیں کہ آج جبکہ دنیائے صحافت میں ایک تہلکہ مچا ہوا ہے۔ اور ہندوستان کی اقتصادی بدحالی کی زد سے اچھے سے اچھے اخبارات و رسائل بھی محفوظ نہ رہتے ہوئے چند ہی دنوں کے بعد حسرت و یاس کے ساتھ فنا کے گھاٹ اتر جاتے ہیں۔ "محدث" اپنی پوری شان کے ساتھ ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو برابر شائع ہوتا رہتا ہے۔ اور نہایت خاموشی کے ساتھ اسلام اور